SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
January 11, 2023

## ایس ای سی پی نے "اسلامک فنانشل سروسز کی پیشکش کے لیے گائڈلائنز، 2023" جاری کردیں

اسلام آباد، 11 جنوری: غیر بینک مالیاتی شعبے میں اسلامی مالیات کی ترقی کے لیے ایک تاریخی پیشرفت میں، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نے اپنے تمام ریگولیٹڈ سیکٹرز کا احاطہ کرتے ہوئے "اسلامک فنانشل سروسز کی پیشکش کے لیے گائڈلائنز، 2023" جاری کی ہیں۔

کمیشن کی ریگولیٹیڈ مالیاتی خدمات کی مارکیٹ میں شریعت کے مطابق مالیاتی مصنوعات کی ترقی کو آسان بنانے کے لیے گائڈلائنز وضع کیے گئے ہیں، جن میں اس کے تمام ریگولیٹڈ سیکٹرز بشمول اسلامک کیپیٹل مارکیٹ، تکافل، مضاربہ، نان بینکنگ فنانس کمپنیز، پنشن اور نجی فنڈز، اور REITs وغیرہ شامل ہیں۔

یہ گائڈلائنز متناسب اور بتدریج اصلاحات کے اصولوں پر مبنی ہیں اور اسلامی مالیاتی خدمات پیش کرنے والے افراد کی طرف سے شریعت کے مطابق کارروائیوں کے انعقاد کے کلیدی اصولوں کا احاطہ کرتی ہیں۔ یہ روایتی مالیاتی اداروں کو اسلامی مالیاتی اداروں میں تبدیل کرنے کے لیے تفصیلی گائڈلائنز بھی فراہم کرتی ہیں۔ علاوہ تمام ریگولیٹڈ سیکٹرز میں "اسلامی ونڈوز" کا تصور بھی متعارف کراتی ہیں۔ ان گائڈلائنز میں شامل ایک قابل ذکر پہلو اسلامی مالیاتی اداروں کے اندر مربوط شرعی حکمرانی کو فروغ دینے کے بنیادی اصول بھی ہیں۔

توقع کی جاتی ہے کہ یہ گائڈلائنز شریعت کے مطابق مالیاتی مصنوعات کی ترقی میں معاون ثابت ہوں گی اور ریگولیٹڈ سیکٹرز میں اسلامی مالیاتی اداروں کی ترقی اور بہتر مالی شمولیت کو فروغ دیں گی۔

یہ گائڈلائنز ایس ای سی پی کے وفاقی شرعی عدالت کے حالیہ فیصلے کی روشنی میں معیشت کی اسلامائزیشن کے آئینی مقصد کے مطابق اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ اور ترقی کے عزم کا حصہ ہیں۔ گائڈلائنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر شائع کر دی گئی ہیں۔

---